QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 126

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 21 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق 22 نومبر کو (بروز ہفتہ) کو سریاب گرڈ اسٹیشن پاور ٹرانسفارمر ٹو پر کام کیا جائے گا اس دوران کرانی، سیاب ون، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاون، واسا، جوائنٹ روڈ، کرانی ایکسپریس اور منی مارکیٹ فیڈروں کو صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اسکے علاوہ کوئٹہ پیکج منصوبے کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ کی توسیع اور دیگر ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں بجلی کے نئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کیلئے 22 نومبر کو (بروز ہفتہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے وی آئی پی اسٹیڈیم، ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، عالم خان، نواکلی رمری آباد گرڈ اسٹیشن گلستان اور طوغی فیڈروں سے جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، اولڈ جان محمد، نیو جان محمد اولڈ جان محمد فیڈروں سے 10 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

اسی طرح 23 نومبر کو شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن میں پاور ٹرانسفارمر تھری پر کام کیا جائے گا۔ کام کے دوران اس ٹرانسفارمر سے منسلک ویسٹرن بائی پاس، ایف سی، واسا، کڈنی سینٹر، دوستین، بیوٹمز آئی ٹی یونیورسٹی، آریا ہسپتال، خروٹ آباد، ایئرپورٹ روڈ، پی اے ایف، چشمہ اور نوحصار فیڈروں کو صبح 8 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح سٹی گرڈ اسٹیشن کے وی آئی پی اسٹیڈیم، مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد گلستان، حالی روڈ، زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے سریاب مل، شاہنواز، شموزئی، اولڈ اور نیو میاں غنڈی، شموزئی، شاہنواز اور واسا فیڈرز، سریاب گرڈ اسٹیشن کے نیو جان محمد، اولڈ جان محمد روڈ، لیاقت بازار، اولڈ لیاقت بازار، بی ایم سی، کرانی، ہزارہ ٹاون، جبکہ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

علاوہ ازیں 24 نومبر کو (بروز پیر) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائرپورٹ روڈ، تکاتو، دوستین، عمر، چشمہ، واسا فیڈروں، مری آباد گرڈ اسٹیشن کے کاسی ٹو، سٹی فیڈرز، سٹی گرڈ اسٹیشن کے ملک پلانٹ، شہباز ٹاون اولڈ سمنگلی، انٹر کنکٹر، پی اے ایف جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، کرانی، واسا، سمنگلی ایکسپریس، ہزارہ ٹاون، سرکی روڈ فیڈرز سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک، بجلی بند ہوگی۔

اسکے علاوہ صوبہ کے مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کاموں کے سلسلے میں 22 نومبر کو 132kV نال گرڈ اسٹیشن میں کام کے دوران نال گرڈ اسٹیشن سے منسلک تمام فیڈروں کو دن 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ اسی طرح 23 نومبر کو 132kV ریتوڈیرو ٹرانسمیشن لائن پر صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک گنداخہ گرڈ اسٹیشن کو بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #